صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

مباحثات

بروز جمعتہ المبارک 21 فروری 1997

(بمطابق 13 شوال 1417 ہجری)

جلد 2 | شمارہ 1

سرکاری رپورٹ

مندرجات	صفحہ نمبر
1۔ تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ	1
2 ۔ نامزد وزیر اعلیٰ کی تقریر	15
3۔ ہدیہ تہنیت	21

صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ۔

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعہ مورخہ 21 فروری 1997ء بمطابق 13 شوال 1417ھ صبح دس بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، ہدایت اللہ خان چمکنی، مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم ○ بِسمِ اللہ الرحمٰنِ الرّحِیم

واذْكُرُوٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِى الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَ اَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ وَ تَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّ يُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ○

ترجمہ: اور یاد کرو (اس حالت کو) جب تم تھوڑے تھے (اور) ملک میں کمزور سمجھے جاتے تھے۔ ڈرتے رہتے تھے کہ کہیں لوگ تم کو اچانک کسوٹ نہ لیں۔ سو (اللہ نے) تمہیں رہنے کو جگہ دی، اور اپنی نصرت سے تمہاری تائید کی اور تمہیں ستھری چیزیں عطا کی۔ تاکہ تم شکر گزار ہو۔ اے ایمان والو! خیانت نہ کرو اللہ اور رسول کی۔ اور نہ اپنی امانتوں میں خیانت کرو ورنہ، تم جانتے ہو اور جان رکھو کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد ایک آزمائش ہے اور یہ بھی کہ بہت بڑا اجر اللہ ہی کے پاس ہے۔ اے ایمان والو! اگر تم اللہ سے ڈرتے رہوگے تو وہ تمہیں ایک فیصلہ کی چیز دے دیگا اور تم سے دور کردیگا تمہارے گناہ دور کردیگا۔ اور تمہیں بخش دے گا۔ اور اللہ ہے ہی بڑے فضل والا۔

جناب سلیم سیف اللہ خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر ہے۔ جناب سپیکر! اس اسمبلی کی روایت رہی ہے کہ جب بھی ہمارا کوئی قومی لیڈر یا قومی ہیرو فوت ہوجا تا ہے تو اس کے لئے فاتحہ خوانی ہوتی ہے۔ پرسوں ہم نے اپنے بعض لیڈران اور دوسرے دوست جو ہم سے رخصت ہوچکے ہیں ان کے لئے فاتحہ خوانی کی تھی لیکن اس دن مجھ سے ایک نام بھول گیا تھا اولمپیئن قاضی محب صاحب کا جو ہماری قومی ہاکی ٹیم کے کپتان رہے ہیں' انہوں نے گولڈ میڈلز بھی حاصل کیے اور ان کی بہت خدمات ہیں' وہ بھی وفات پاچکے ہیں اور وہ ہمارے ایڈیشنل سیکرٹری اسمبلی جناب نذیراحمد صاحب کے داماد بھی تھے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ ان کے لئے بھی فاتحہ خوانی کی جائے۔

(اس مرحلے پر دعائے مغفرت پڑھی گئی)۔

جناب فرید خان طوفان: جناب سپیکر صاحب! خه پوهه نه یم خو چونکه دُعا اوشوه، یو انسانی خبره ده، نن ماښام به نوے چیف منسٹر اوتھ واخلی خو دلته د ډاکټر تاجدار صاحب دوه ماشومان بچی دوه ورځے کیږی چه اغوا شوی دے نو خه دا وایم چه د دے اسمبلئی په وساطت سره، پولیس ناست دےاو دا مسئله چیف منسټر اوتھ لا اغستے نه دے، دا واقعات ډیر زیات شوی دی، په دے مونږ ډیر د تشویش اظهار هم کوو او د هغے دِ حکومت د اُوتھ اغستو نه مخکښ څه انتظام اوکړی---- (تالیاں)

جناب نجم الدین: جناب سپیکر صاحب! دا یو ماشوم خمونږ د دیر علاقے نه په روژه کښ تښتو لے شوے دے۔ مونږ وزیر اعلٰے صاحب ته دا ونیلی دی لیکن تراوسه پورے د دے یوه میاشت اوشوه او دا برآمد نه شو۔ مونږ دا درخواست کوو چه د هغه ماشومانو مور پلار ټول ډیر په بد حالات کښ دکاکه د دے دپاره څه طریقه کار اوشی، دا هم دیو ډاکټرخوے دے او دا نے

فوتو دے، ټولے اسمبلئی ته نے ښايم، دومره ورو کے ماشوم دے۔

جناب عبدالرحمان خان: خمونږ د علاقے نه هم دا داغوا کیسونه زیات شوی دی نو څنګه چه طوفان صاحب اووئیلے نو دا یو ضروری امر دے او دے ته سوچ پکار دے چه آیا قصداً عمداً دا کیږی اوکه دا څه قصه ده۔ څه خو دے فکر اغستے یم، چه نن را نو ماله سرے راغلو او راته نے اووئیل چه د فلانے دهیرئی یو سړے تختولے شوے دے، یو د پلوسئی نه تختیدلے دے نو جدا څه قصه بوده شروع شوے ده؟ (شور)

جناب محمد طارق خان سواتی: جناب سپیکر! میں بات کرنا چاہتا تھا حاجی منصف خان صاحب کی کہ وہ شہید ہوچکے ہیں لیکن مجھے جناب پیر محمد خان صاحب نے بتایا ہے کہ ان کے لئے فاتحہ ہوچکی ہے۔ شکریہ۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! څه دا خواست کوم چه نن تقریباً او وه ورځے اوشوے چه یو ډیر اهم وکیل دے، یوسف زئی صاحب، د هغه خوے هم د شامی روډ نه چا اغوا کړے دے او دا خواست کوؤ چه نن چیف منسټر Take-over او کړی نو پهلا کار دے دا اوکړی چه دا اغوا ګانے Kidnapping او ډاکے چه ډیرے زیاتے شوے دی، په دے باندے ډِ زیاته توجه ورکړے شی او زرنزر زره ډِ د دے بندوبست اوکړے شی۔

حاجی محمد عدیل: جناب سپیکر! میرا تو یہ خیال تھا کہ میں چیف منسٹر صاحب / قائد ایوان کے اعتماد کے ووٹ کے بعد بات کروں گا لیکن درحقیقت میرے حلقہ سے گزشتہ ایک ہفتہ میں دس افراد اغواء ہوئے ہیں۔ شامی روڈ سے ایک وکیل صاحب کا بیٹا اور اس کا دوست اغواء ہوئے ہیں، بہادر کلے سے چار بچوں کو اغواء کیا گیا ہے جن میں سے ایک بچہ بھاگ کر واپس گھر بھی آگیا ہے۔ جو دو بچے اغواء ہوئے ہیں ایک ڈاکٹر صاحب کے تو وہ بھی پشاور سے ہی ہوئے ہیں۔ اس سے پہلے ڈیفنس کالونی، خیبر روڈ سے ایک سرکاری

آفیسر کو بھی اغواء کرنے کی کوشش کی گئی تھی اور سب سے عجیب بات یہ ہے کہ ہمارے ایک نومنتخب رکن اسمبلی جناب سید علی شاہ صاحب کے بھائی کو پرسوں شام فورٹ روڈ سے اغواء کرنے کی کوشش کی گئی ہے تو ایسے حالات کیوں پیدا کئے گئے ہیں شاید اس لئے کہ ایک نئی حکومت نے حلف اٹھانا تھا اور یہ قصداً ایک سازش کے تحت ایک ہی گروپ کررہاہے اور زیادہ تر نوجوان بچوں کو اغواء کیا جا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری جو پولیٹیکل انتظامیہ ہے، چاہے وہ خیبر سے تعلق رکھتی ہے یا درہ آدم خیل سے کیونکہ یہی چند راستے ہیں، وہ بالکل ناکام ہو چکی ہے ۔ میں نے محترم جناب سردار مہتاب صاحب سے ایک دن پہلے یہ عرض کی تھی کہ آپ حلف اٹھانے کے بعد پہلا فیصلہ یہ کریں کہ اس انتظامیہ کو ضرور بدل دیں کیونکہ یہ سب ایک سازش کے تحت کیا جا رہا ہے کہ ایک ہفتہ میں پشاور سے دس بارہ نوجوان لڑکوں کو اغواء کیا گیا ہے۔ شکریہ۔

جناب سلیم سیف اللہ خان: جناب سپیکر! میں بھی اپنے دوستوں کے ساتھ اپنی آواز شامل کرنا چاہتا ہوں۔ لطیف یوسفزئی صاحب کا انہوں نے فرمایا ہے کہ انہیں ڈیفنس سے شام کے ساڑھے پانچ چھ بجے اغواء کیا گیا اور یہ بات گورنر سرحد اور نئے منتخب وزیر اعظم تک پہنچ چکی ہے لیکن اس کی دس دن سے کوئی اطلاع نہیں ہے تو جناب، یہ واقعات بڑھتے جا رہے ہیں۔ تین دن پہلے جب میں اپنے گاؤں سے واپس آرہا تھا تو متنی سے پشاور تک مجھے کم از کم چھ جگہ پر روکا گیا اور پولیس نے کہا کہ آپ رات کے ساڑھے آٹھ ،نو بجے کانوائے کی شکل میں جائیں ، اکیلے آپ گاڑی میں نہ جائیں۔ جناب سپیکر! یہ پشاور سے پانچ چھ میل دور کوہاٹ روڈ پر ایسا ہورہا ہے تو اگر یہی حالت رہی تو ہم کیسے عوام سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم نے آپ کو امن و امان دیا ہے۔ بچے روزانہ اغواء ہو رہے ہیں، گاڑیاں اغواء ہو رہی ہیں، قتل ہو رہے ہیں، ہم سڑکوں پر رات کو نکل نہیں سکتے تو پھر یہاں ہمارے بیٹھنے کا کیا جواز بنتا ہے ؟ جناب سپیکر! میں امید رکھتا ہوں کہ حکومت

اپنی پہلی فرصت میں ضرور کچھ نہ کچھ کام کرے گی۔ شکریہ۔

ملک جہانزیب خان: جناب عالی! د دیر کوم ماشوم چه اغوا شوے دے د هغے متعلق خو به زه دومره اووایمه چه دے کښې د قبائلو خاصه دار فورس ملوث دے جی۔ د خاصه دار فورس کوم سربراه چه دے، ماته نے نوم نه راځی خو خما دا خیال دے او دا مے یقین دے چه دا ماشوم اوس هم د هغوی سره دے او دا معاوضه چه اخلی نو باقاعده پولیټیکل حکام په دے کښې شامل معلومیږی۔ زه دا درخواست کوم چه که فرض کړه دا قبائل د دے خرابو حرکاتو نه باز را نه شی نو بیا د دیر خلقو بنګړی نه دی اچولی، حکومت دِ په دے باندے غور اوکړی او دا ماشوم دِ فوراً برآمد کړے شی ورنه هسے نه د دے نه بل څه جوړ شی، او بیا د دیر خلق هم داسے څه اقدام اوکړی چه هغه ښه اقدام نه وی۔ مهربانی اوکړئی دے باندے غور اوکړئی۔

میاں افتخار حسین: جناب سپکر صاحب! دا خمونږ په طرف باندے خو رشتیا خبره ده چه دا واقعات ډیر زیات دی خو سرو سره سره ګاډی پکښې هم په شریکه زغلیدلی دی او سودا تر دے پورے روانه ده چه درے نیم لکه ډیمانډ نے ترے نه کړے دے، درے نیم لکهه هغه ورکولے نه شی او که ور نے نه کړی نو د مرګ خطره نے ده او وارننګ دا دے چه که هفته کښې مو را نه کړے نو سرے به درله او وژنو، نو سرو سره نے موټر هم زغلولے دے او دا خمونږه د پبو چراټ په علاقه باندے تقریباً پنځلسمه واقعه ده، نو رشتیا خبره ده چه دا ایوان هر یو ملګرے چه دا خبره نے اوکړه نو دا ډیر په شدت سره په دے لس پنځلس ورځو کښې را اُوچته شوے ده، نو زر تر زره نے تدارک پکار دے چه د دے بندوبست دِ اوکړے شی ولے چه نیغ په نیغه باندے ډیمانډ کیږی چه

دا مسئله حل شی۔

جناب محمد افتخار خان مهمند: جناب سپیکرصاحب خما په دے کښې دا عرض دے چه ددے بنولو او بعضے مشکلات داسے دی، نو سپیکر صاحب رومبے به څه تاسو ته دا خواست اوکړم چه د دے بنولو د حل کولو د پاره تاسو یو علیحده اجلاس را اوغوارئی او په هغے کښې د امن و امان په باره کښې او دا کومے اغوا کانے چه کیږی، د هغے په باره کښې په دے باندے دے بحث اُوشی۔

جناب سپیکر: آنریبل ممبر، یوسیکنډ۔ ما دا عرض کولو جی چه دا کوم مسئله پیښه ده، خما خیال دے چه د بنولو هم دغه یو خیال دے او تاسو خو پریږدئی چه خما په حلقه کښې هم داسے قصه ده۔ چه دا مهتاب خان خبره اوکړی نو بیا به په Detail سره پرے بحث اوکړو نو خما خیال دے چه دیر زیات وخت پرے نه اخلو، او بنولو ته دا پیښه ده چه دوی خبره اوکړی۔

سردار مهتاب احمد خان: مسٹر سپیکر سر! میں اپنے معزز اراکین کی Concern کو Fully share کرتا ہوں اور مجھے اس بات کا شدید احساس ہے کہ آج صوبہ بھر میں اور خاص طور سے پشاور کے قرب وجوار میں جو Law and order کی Situation ہے It is most alarming law and order situation, which I have never seen in the whole Province. ایسا لگتا ہے کہ جو Syndicated criminal gangs ہیں وہ اس نئی حکومت کا مقابلہ کرنا نہیں چاہتے بلکہ شاید یہ ہمیں آزمانا چاہتے ہیں اور ہمارا استقبال کرنے کے لیے سارے Criminals جو ہیں وہ Gang-up ہو چکے ہیں اور خاص طور سے جو Kidnappings اور Abductions ہوئی ہیں In last one month and more than one month رمضان سے یہ سلسلہ شروع ہے اور یہ بہت تشویشناک ہے اور مجھے اس بات کا شدید احساس ہے کیونکہ یہ سب ہماری ماضی کی تمام ناانصافیوں اور کوتاہیوں

کی وجہ ہے کہ آج ہم بے بس نظر آتے ہیں اور یہ معزز ایوان جو منتخب اراکین کا نما
ایوان ہے اور اس صوبے کے اقتدار اعلیٰ کا مظہر ہے اگر اس کے منتخب اراکین آ
Feel کرتے ہیں کہ ہم بے بس ہیں اور ہم یہاں کیوں بیٹھے ہوئے ہیں تو ان
Concern بالکل درست ہے۔ اس پر کل بہت ضروری ایجنڈا ہے اس کے لیے میں تیا
کررہا ہوں اوران اہم ترین نکات میں Law and order situation بہت اہم ہوگا
اس دوران میں صوبائی انتظامیہ کے سربراہ اور پولیس کے سربراہ سے Meetings کر
ہوں اور ان پر واضح طور سے بالکل کھلے الفاظ میں یہ بات آشکارا کردی ہے کہ نئی حکو
اپنے اندر عوام کا وہ مینڈیٹ رکھتی ہے کہ جو ہر ظالم سے انشاء اللہ ٹکرائے گی۔ (تالیا
اگر ہم اتنی بڑی طاقت اور Majority رکھنے کے باوجود، گو کہ اللہ کا فضل او
ہمارے ساتھ شامل ہے، ناکام ہوجاتے ہیں تو پھر ہمیں کوئی حق نہیں پہنچتا کہ حکو
کریں۔ I have told them very clearly کہ جو Syndicated crimes ہیں ney
supervised and supported but unfortunately by the people, who
manages this Province. یہ میں ان کو صاف کہہ چکا ہوں، مجھے یہاں اپنے
چھپانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور میں نے ان سے یہ بھی کہا ہے کہ
Intelligence Agencies ہیں، وہ Politicians کو دن رات Follow کرتی ہیں۔ ا
وہ لوگ کسی اپنے رشتہ دار کی شادی پر جاتے ہیں یا ماتم پر جاتے ہیں تو یہ پھر بھی ان
Follow کرتے ہیں، ان کے Telephones tape ہوتے ہیں اور یہ ایجنسیاں ان
Harassement کے لئے استعمال کی جاتی ہیں have told them that these
یہ Agencies must be used for finding out the criminals. ان Criminals
کو Chase کرنے اور Identify کرنے کے لیے استعمال ہونگی ---(تالیاں)--- ا
اس صوبے میں یہ کام اب ختم ہوجائے گا کہ ہم Intelligence Agencies

Politicians کے پیچھے لگا کر رکھیں گے۔ اگر ایسا کہیں نظر آیا تو میں نے ان پر واضح کردیا ہے کہ اس بارے میں ہم بالکل کوئی رعایت نہیں کریں گے اور پھر میں نے ان سے یہ بھی کہہ دیا ہے کہ-----------

جناب سپیکر: خما خیال دے چه دَ سردار صاحب Assurance نه بعد خو څه داسے خبره پاتے نه ده چه مونږ اوکړو خو چونکه بعض ممبرانو صاحبانو اوونيل چه سرِدست هم څه کول پکار دی۔ سردار صاحب خو به Oath اخلی، د هغے نه پس به بيا خپله کارروائی کوی۔ د خوش قسمتئی نه مونږ سره دلته د هاؤس په سپيکرز گيلری کښ کيئر ټيکر منسټر صاحب موجود دے، بيرسټر ظهورالحق، څه به هغوی ته دا Request اوکړم چه سرِدست دِ دوی هم مونږ سره څه امداد اوکړی او انتظاميے ته دِ Directions ورکړی چه په دے کښ څومره زر نه زر څه کولے شی چه هغه اوکړی۔

معزز اراکین اسمبلی! جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ آج گورنر صاحب نے یہ خصوصی اجلاس اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 130 کی شق (2) (الف) کے تحت وزیر اعلیٰ کے چناؤ کے تعین کے لیے بلایا ہے۔ اس سلسلے میں باقاعدہ طور پر نامزدگی کے فارمز مورخہ 19 فروری 1997 کو ہاؤس میں تقسیم کئے گئے تھے۔ مجھے صرف سردار مہتاب احمد خان، ایم پی اے پر اظہار اعتماد کے لیے کل چار کاغذات نامزدگی موصول ہوئے ہیں۔ جناب سردار مہتاب احمد خان، ایم پی اے کے تجویز کنندہ اور تائید کنندہ کے اسمائے گرامی مندرجہ ذیل ہیں۔

1- (i) جناب سید محمد صابر شاہ صاحب	تجویز کنندہ
(ii) جناب محمد علی شاہ باچا لالا صاحب	تائید کنندہ
2- (i) جناب علی افضل خان جدون صاحب	تجویز کنندہ

(ii) جناب محمد طارق خان سواتی صاحب — تائید کنندہ

3- (i) جناب فرید خان طوفان صاحب — تجویز کنندہ

(ii) جناب بشیر احمد بلور صاحب — تائید کنندہ

4- (i) محترمہ بیگم نسیم ولی خان صاحبہ — تجویز کنندہ

(ii) حاجی محمد عدیل صاحب — تائید کنندہ

قواعد کے مطابق کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کے بعد جملہ موصول شدہ کاغذات نامزدگی درست قرار پائے گئے لیکن چونکہ وزیر اعلیٰ کے تعین کے لیے صرف سردار مہتاب احمد خان صاحب، ایم پی اے، واحد امیدوار ہیں لہذا اسمبلی کے قواعد کے 18 (2) (a) کے تحت ان پر اسمبلی کے ممبران کی کثرت رائے کا تعین کیا جائے گا اس لیے ایوان کی رائے معلوم کرنے کے لیے اسمبلی کے قواعد کے مطابق میں ممبران صاحبان سے درخواست کروں گا کہ جو ان کی تائید میں ہیں وہ "Yes" کہیں۔

(The motion was carried).

<u>جناب سپیکر:</u> ہاں ، اگر آپ چاہتے ہیں تو اپنی اپنی سیٹوں کے ساتھ کھڑے ہوجائیں۔ (اس مرحلے پر جناب سپیکر صاحب نے سیکرٹری اسمبلی کومعزز اراکین کی تعداد گننے کے لیے کہا)۔

<u>جناب سپیکر:</u> 68 ؟ صرف، 68 وائیم۔ اوس جی تشریف کیږدئی، تشریف کیږدئی جی۔

<u>جناب فتح اللہ خان:</u> جناب سپیکرصاحب! جتنے ممبران صاحبان کھڑے ہوئے تھے ان کی تین دفعہ گنتی کی گئی ہے لیکن میرے خیال میں شاید گنتی میں غلطی سرزد ہوگئی ہو تو میری تجویز ہے کہ جو اراکین ، سردار صاحب کے خلاف اپنا ووٹ استعمال کرنا چاہتے ہیں، اگر وہ کھڑے ہوجائیں تو گنتی میں آسانی رہے گی۔Thank you sir.

----(تالیاں)----

جناب سپیکر: هاں، دا به لږه بهتره نه وی که څوک داسے کول غواړی څکه چه په Counting باندے دا اعتراض اوشو نو څه به دا اووایم چه هغه څوک د "No" اووانی، هغوی دِ مهربانی اوکړی او پاڅسی۔

میاں مظفر شاه: پوائنټ آف آرډر سر! تاسو خو Counting نه دے Announce کړے نو اعتراض خو جی------

جناب پیر محمد خان: جناب سپیکر صاحب! یوه خبره خو دا ده چه په دِے کښې هغه قرارداد پکار دے چه چا پیش کړے دے چه هغه ئے لوستے وے، هغےنه پس تاسو بیا که!-----------

جناب سپیکر: هغه خو به، قرارداد خو۔

جناب پیر محمد خان: که Call کړے وے چه Who are in favour of the resolution?---------

(Interrupyion)

جناب سپیکر: پیر محمد خان صاحب! قرارداد به دَ Confidence دَ پاره کیږی دا ئے Ascertainment دے، دے د پاره د قرارداد ضرورت نه شته Under rule 18 (A) (2) دا صرف یو Ascertainment دے۔

جناب فتح اللہ خان: پلیز، سر اس میں بہت سےممبران صاحبان اپنی سیٹ پر ------

----(قطع کلامی)----

جناب سپیکر: البته دا یوه خبره ده چه دوی دا اوونیل چه Counting Announce شوے نه دے، نو Counting به څه Announce کړم که بیا څوک اعتراض کوی نو هغه---------

جناب فتح اللہ خان: صحیح ده جی

Mr. Speaker: According to counting, the number is 71 in favour of Sardar Mehtab Ahamad Khan Abbasi.

(تالیاں)

بیگم نسیم ولی خان: محترم سپیکر صاحب ! تاسوریزلټ Announce کړو، خه صرف دے لره پاسیدلے یم، ما ونیل چه تاسو ته دا اووایم چه دو مره کافی ده چه کوم خلق اودریدل دا کافی ده، باقی خلقو باندے د اودریدو اصرار مه کوئی۔ مطلب دا دے چه تاسو Majority معلومول غوښتل، Majority راغله، دغه غوند، کافی ده۔ په دے هاؤس کښ به داسے خلق وی چه هغوی به په مخالفت کښ هم نه پاسی او په حمایت کښ به هم نه پاسی نو خواه مخواه د دے خبرے ضرورت نشته۔ خه دغه وایم

جناب آفتاب احمد خان شیرپاؤ: جناب سپیکرصاحب! Sorry مونږه که د دے Contestکوو نو کاغذونه به مو داخل کړی وو۔ کاغذونه مونږه نه دی داخل کړی او که تاسو نه ونیل چه په دے کښ څوک د دے مخالفت کوی نو کیدے شی مونږه نه وے پاسیدلے، دغه طریقه کار مخکښ هم مونږه اختیار کړے وو او دا د اپوزیشن هم یو طریقه کار دے چه که مونږه په دے کښ هاں سره هاں نه وے ملاؤ کړے خو د دے خلاف هم مونږه ووټ نه دے اچولے گنی مونږه به کاغذونه داخل کړی وو۔ دغه د جمهوریت طریقه کار دے۔

---(تالیاں/ قطع کلامی)---

جناب سپیکر: تاسو ټهیک واینی، په رولز کښ دا Provision شته که څوک نا نه کوی نو نه د کوی، تا سو بالکل ټهیک واینی دا Provision شته خو

چونکه Objection اوشو نو د هغے د Clarification د پاره مونږ په دے باندے خبره اوکړه نو رخو دا Result announce شو۔ 71 دی۔

جناب احمد حسن خان : Actually objection هغه شخصیت کړے دے چه هغه ته د Objection حق هم نه جوړیدو خکه چه هغه خو ووټ ورکړے دے، بل مخالف فریق چه کوم دے هغه Objection نه دے کړے۔ جناب سپیکر،

جناب فرید خان طوفان : جناب سپیکرصاحب ! دا مسئله Settle شوه۔ قائد منتخب شو او آفتاب خان شیرپاؤ صاحب چه د پیپلز پارټئ د دے صوبے چیئرمین دے ، د خپلو خیالاتو اظهار اوکړو، خو ټول هاؤس چه ورله ووټ ورکړلو، د هغوی خو شکریه خو د آفتاب خان په نوټس کښې یوه خبره راوستل غوارم چه په دے هاؤس کښې یو سړے داسے هم ولاړ دے چه ستا په Support ، د پیپلز پارټئ په Support کامیاب شوے دے۔ تاسو ورله ووټ ورکړے دے، محسن علی خان ستاسو Candidate وو، Un-officially هغوی ته دا حق نه وو چه هغوی د ولاړ وے ،هغوی ته دا حق نه وو چه ولاړ وے-----------

نوابزاده محسن علی خان : I am on a point of order جناب سپیکر صاحب بلکہ I am on a point of personal explanation. جناب سپیکر صاحب ! مجھے اپنے حلقے کے بہت سے لوگوں نے ووٹ دیئے ہیں جن میں سے کچھ اے۔این۔پی کے لوگ بھی شامل ہیں، پیپلز پارٹی کے لوگ بھی شامل ہیں اورمسلم لیگ کے لوگ بھی شامل ہیں اور کچھ آزاد لوگ بھی شامل ہیں اور میں ان سب کا مشکور ہوں۔ میں آفتاب خان کا بھی مشکور ہوں اور بیگم صاحبہ کا بھی مشکور ہوں اور طوفان صاحب کا بھی مشکور ہوں۔ جن لوگوں نے مجھے ووٹ دیئے ہیں ---(قطع کلامی)---

جناب جان محمد خٹک ۔ جناب سپیکر صاحب ! ما خو د دے خبرے انتظار کولو ولے چه محسن خان یو خل ماسره نه دے پاتے او باقی به دے همیشه دے اسمبلئی کښې وُو او همیشه به مخکښې ناست وو، نو خما دا خیال وو چه که خیر وی "ببو اینډ کمپنی" او محسن خان، دوی به دے خله خه په اپوزیشن کښې کم از کم اوو ینم، خو ډیره شکریه ده چه مونږ ته

----(قہقہ)-----

Nawabzada Mohsin Ali Khan: Sir, again I am on a point of personal explantion.

جناب سپیکر! میرے خیال میں اگر سردار مہتاب صاحب کو موقع دیا جائے تا کہ وہ اپنی تقریر کرلیں تو اس کے بعد ہم اپنا موقف واضح کریں گے کہ ہم کہاں بیٹھیں گے اور کس کے ساتھ بیٹھیں گے اور ہمارا آئندہ پروگرام کیا ہوگا؟

جناب محمد اورنگزیب خان۔ جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا شکرگزار ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ مجھ پر کل کا بھی قرضہ رہتا ہے آپ کو مبارکباد دینے کا اور حاجی عدیل صاحب کو بھی مبارکباد دینے کا اور نو منتخب وزیر اعلیٰ صاحب اور انکی متوقع کابینہ کو بھی پیشگی مبارکباد اور دعا اس توقع کے ساتھ کہ ہمارا جو زخم خوردہ صوبہ ہے، جسکے عوام سے گزشتہ دور میں زیادتیاں ہوئی ہیں، اسکا ازالہ ہو سکے اور اس کے ساتھ ساتھ میں جناب انور کمال خان صاحب کو، جو آپ کی گیلری میں بیٹھے ہوئے ہیں، خوش آمدید کہتا ہوں۔ ---(تالیاں)--- جناب سپیکر! جس دور سے ہم گزرے ہیں تو اس میں آپ بھی ہمارے ساتھ تھے بلکہ ہمارے رہنما تھے۔ ان غلطیوں اور زیادتیوں کا ازالہ کرنے کے لئے مجھے توقع ہے نئی حکومت سے کہ وہ جو اپوزیشن کے حلقے تھے، جنکے ساتھ زیادتیاں ہوئی ہیں، جنہیں فنڈز نہیں ملے، جنکے علاقوں

میں ترقیاتی کام نہیں ہوئے ہیں یا جن کے علاقوں میں مداخلت ہوئی ہے، تو مجھے امید ہے کہ وہ ان سختیوں اور زیادتیوں کا ازالہ کریں گے اور یہ بھی امید ہے جناب سپیکر اور خصوصاً ہمارا جو حلقہ ہے کوہاٹ کا پی ایف۔ ۲۹، اسکے ساتھ جو زیادتیاں ہوئی ہیں، مجھے میرے حلقے کے ۹۴-۱۹۹۳ء کے فنڈز بھی نہیں ملے ہیں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ کوتل کے مقام پر جو پہاڑی ہے، جس نے اب خونی راستے کی شکل اختیار کر لی ہے جناب سپیکر، جہاں عید سے چار دن پہلے ایک بس گری ہے جس میں ایف سی کے ۴۷ جوان اور چھ پرائیویٹ آدمی موجود تھے جن میں سے ۵۲ لوگ شہید ہوئے ہیں اور یہ عید ہمارے لئے خوشی کا باعث نہیں تھی بلکہ غم و اندوہ کا ایک المناک حادثہ تھی اور جناب سپیکر اب تک اس پہاڑی راستے پر چودہ سو آدمی شہید ہو چکے ہیں، کئی بسیں اور موٹریں گر چکی ہیں۔ میں نے ایک قرارداد آج داخل کی ہے سیکرٹری کے پاس کہ مرکزی حکومت سے سفارش کی جائے کہ اس سرنگ پر جلد از جلد کام شروع کیا جائے اور یہ میری دعا ہے نئی حکومت کے لئے کہ خدا اسے لوگوں کے بہترین مفاد میں کام کرنے کی توفیق دے اور لوگوں نے جو مینڈیٹ دیا ہے خدا کرے کہ وہ اس مینڈیٹ پر پوری اترے۔ میں اپنی بات ایک شعر پہ ختم کرنا چاہتا ہوں کہ لوگوں نے ہمیں جو مینڈیٹ دیا ہے، ہم پہ اعتماد کا اظہار کیا ہے تو خدا نہ کرے کہ ہم اس اعتماد پہ پورا نہ اتریں۔ میاں نواز شریف صاحب نے کہا ہے کہ یہ خاموش انقلاب ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ خونی انقلاب آجائے اور اس ملک کو خون میں نہلا دے۔ صرف ایک آخری بات کہتا ہوں کہ:۔

اے عدم احتیاط لوگوں سے لوگ منکر نکیر ہوتے ہیں۔

تھینک یو

<u>جناب سپیکر</u>: یو منټ، دا Result خو Announce کړم بیا تاسو بےشکه چه څه خبره کوئی۔ د Counting نه دا ثابته شوه، د دے شی تعین اوشو چه سردار

مہتاب احمد خان عباسی ته د Majority حمایت حاصل دے۔ سردار مہتاب احمد خان عباسی صاحب، لیڈر آف دی ھاؤس د پاره منتخب شو۔ (تالیاں)

جناب محمد ہاشم خان (دیر) : بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيم۔ جناب سپیکر صاحب ! پرون د وخت د کمی په وجه باندے ما ستاسو شکریه ادا نه کړے شوه او تاسو ته مے مُبارکبادی پیش نه کړے شوه نو خه د زړه د اخلاصه ستاسو د سپیکر او حاجی عدیل صاحب ته د ډپټی سپیکر په حیثیت بلامقابله منتخب کیدو باندے مبارکبادی درکوم او د زړه د اخلاصه دُعا کومه چه تاسو د دے ایوان تر سو پورے -----------(قطع کلامی)-----

میاں مظفر شاہ: پوائنټ آف آرډر سر! مخکښې لیډر آف دی هاؤس ته اووایئی چه هغوی تقریر اوکړی نو بیا دِ دوی خبرے اوکړی۔

جناب سپیکر: ډیره مهربانی صاحب۔

نامزد وزیر اعلیٰ کی تقریر

سردار مہتاب احمد خان (قائد ایوان): مسٹر سپیکر سر! آج کا یہ دن ذاتی طور پر میرے لئے بڑی تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔ آج اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میرے ساتھیوں نے مجھ پرجس اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ بلا شبہ بڑا تاریخی بھی ہے اورمنفرد بھی ہے۔ اس اسمبلی میں، جہانتک مجھے یاد ہے، اس سے قبل کسی قائد ایوان نے اتنی بڑی تعداد میں اکثریت کی حمایت حاصل نہیں کی۔ یہ میرے لئے جہاں فخر کا باعث ہے تو وہاں میرے اوپر ایک ذمہ داری کا بہت بڑا بوجھ بھی ہے اورمیں اس موقع پر اللہ تعالیٰ کا بھی بہت زیادہ شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس خدائے عظیم اور بزرگ و برتر کی ذات نے مجھے اس آزمائش اور امتحان کے لئے منتخب کیا۔ میں شکریہ ادا کرتا ہوں محترمہ بیگم نسیم ولی

خان صاحبہ اور محترم پیر صابر شاہ صاحب کا، جو اس Coalition Parliamentary Parties کے صوبائی صدور بھی ہیں اور اس ایوان کے منتخب رکن بھی ہیں، جنہوں نے آگے بڑھ کر مجھے اس ذمہ داری کو سنبھالنے کے لئے نامزد کیا اورموقع فراہم کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ میں پاکستان مسلم لیگ اور عوامی نیشنل پارٹی کے تمام اراکین کا بھی بے حد شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا اور اسکے علاوہ میں اس معزز ہاوس کے دیگر تمام ساتھیوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، جن میں سے بلاتخصیص کچھ آزاد منتخب ہو کر آئے ہیں اور کچھ دوسری جماعتوں سے منتخب ہو کر آئے ہیں، جنہوں نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیاہے۔ اپنے محترم دوست اور معزز رکن آفتاب احمد خان شیرپاؤ صاحب اورجناب سلیم سیف اللہ خان صاحب، جو اپنی اپنی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈرز ہیں، انکا بھی شکریہ اور احترام کا اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اپنے جمہوری حق کو استعمال کیا ہے۔ جناب سپیکر! مجھے اپنی ذمہ داریوں کا بھی بے حد احساس ہے اور ماضی کے ان تمام سیاستدانوں کی غلطیوں، کوتاہیوں اور بداعمالیوں کا بھی شدید احساس ہے جنہوں نے ان منتخب اداروں کو کئی بار آزمائش میں ڈالا اور بالآخر عوام کی نظروں میں انکو مطعون ٹھہرایا لیکن یہ صرف سیاستدانوں کی خرابیاں نہیں تھیں جناب سپیکر، یہ اس نظام کی مجموعی طور پر خرابیاں تھیں جنہوں نے اس ملک کے اصل مقاصد سے ہٹ کر کام کیا، اس ملک کے غریب عوام کو ہمیشہ دھتکار کر رکھا اور خاص طور سے صوبہ سرحد میں، جو بڑا تاریخی صوبہ ہے اور پاکستان کے نقشے پر ایک ایسی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے کہ اگر صوبہ سرحد کے کسی بھی کونے کو کوئی کوفت یا تکلیف پہنچے تو سارے پاکستان کے نظام کو تکلیف پہنچتی ہے۔ اس داغدار ماضی کے ساتھ ساتھ ہمیں اپنے شاندار مستقبل کی تعمیر بھی کرنی ہے۔ میں آج زیادہ باتیں نہیں کر سکونگا کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ مجھے ایک نظم و ضبط کے ذریعے، جماعتی سیاست کے ذریعے، پارٹی پالیٹکس کو جمہوری اور

آئینی پیمانوں کے اندر رکھتے ہوئے، پیرا میٹرز کے اندر رکھتے ہوئے ایک ایسے نظام کی تشکیل کرنی ہے جس کے لئے آج تمام صوبہ سرحد کے عوام ہماری طرف دیکھ رہے ہیں جو ہماری کامیابی ہے اور یہ موجودہ انتخابات میں کسی فرد واحد کی کامیابی نہیں ہے بلکہ یہ اس سارے نظام کی ناکامی اور اسکے خلاف ووٹ ہیں جو پاکستان اور صوبہ سرحد کے مظلوم عوام نے ماضی میں دھکے کھائے ہیں اور ظلم سہے ہیں۔ آج قائد پاکستان میاں نواز شریف اس ملک کے بے بس لوگوں کی امیدوں کا مرکز ہیں اور اس صوبہ میں منتخب ہونے والی سیاسی قوتیں، پاکستان مسلم لیگ اور عوامی نیشنل پارٹی جو برابر کی Coalition partners بھی ہیں، انکی بھی یہ برابر کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان برائیوں، بداعمالیوں اور بدکاریوں کے خلاف، جنہوں نے ماضی میں ہمیں ہمیشہ نقصان پہنچایا اور اس ملک کو بہت حد تک کھوکھلا کر دیا ہے، انقلابی اقدامات کرنے کی ضرورت اب محسوس ہو رہی ہے تاکہ ہم اپنے ملک اور اس صوبے کے تمام ڈھانچے کو بچا کر ایک ایسے خوش آئند اور بہتر مستقبل کی تعمیر کر سکیں جس میں ہم اپنی آئندہ آنے والی نسلوں کو اور اپنے بچوں کو ایک محفوظ مستقبل دے سکیں۔ یہ خاموش انقلاب ایک دم ہی نہیں آیا ہے بلکہ اس کے لئے صوبے کے عوام نے، اس ملک کے عوام نے ہمیشہ کی طرح اس دفعہ اپنی غلطیوں کو دہرانے کی ذرا بھی کوشش نہیں کی اور ایسا لگتا ہے کہ کراچی سے لیکر چترال تک تمام لوگوں کی ایک ہی سوچ تھی اور وہ سوچ یہ تھی کہ ہم نے میاں نواز شریف کو، اس کے عقیدے کو اور اس ملک کی خدمت کرنے کے ان کے اس عزم کو ایک بار پھر آزمانا ہے اور اللہ تعالیٰ نے بھی اس بات کو اہتمام حجت کے طور پر کر دیا ہے۔ ماضی میں ہمیں ایسا مینڈیٹ نہیں مل سکا تھا اور جس میں ہم پولیٹیکل بلیک میلنگ، ہارس ٹریڈنگ اور Submission کے ذریعے لوگوں کی کوئی خدمت نہیں کر سکے تھے۔ اب اللہ تعالیٰ نے اتمام حجت کر دیا ہے اور ہمیں اتنی اکثریت دیدی ہے کہ اب یہ ہماری

ذمہ داری ہے اور ہم پر ہے کہ ہم لوگوں کے معیار اور توقعات پر کتنا پورا اترتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہم پر بہت بڑی آزمائش بھی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس بات کا بھی یقین ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ ہم اپنے قائد پاکستان ، میاں نواز شریف کی قیادت میں اپنے صوبے کی بہترین خدمت کرنے کے قابل ہونگے اور اس سلسلے میں مجھے اپنے ساتھیوں اور اپنے معزز اراکین کے تعاون کی ہمیشہ ضرورت رہے گی۔ خود غرضی، اقرباء پروری اور مصلحت کوشی کی جو سیاست ہے ، اس کا خاتمہ کرنا اب ہمارے لئے لازم ہو چکا ہے۔ آئین اور قانون کی بالادستی ہماری آئندہ حکومت کا Main ایجنڈا ہوگی ۔ میں کرپشن کے بارے میں بھی آج ضمناً ذکر کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک ایسا زہر ہے کہ جس نے ہمارے ہر ادارے کو کھوکھلا کر دیا ہے اور ایسا لگتا ہے کہ یہ صوبہ صرف چند لوگوں کا بن کر رہ گیا ہے اور باقی ڈیڑھ کروڑ عوام کا اس صوبے کے وسائل میں کوئی حصہ نہیں ہے لیکن میں آپ کی وساطت سے اپنے معزز ساتھیوں کو اپنے منتخب اراکین کو یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ انشاء اللہ تعالیٰ ہم اس صوبے کے تمام وسائل کو اس صوبے کے ہر فرد کے لئے کھلا چھوڑیں گے اور اسے ان تک پہنچائیں گے۔ ---(تالیاں)--- مجھے دو تین دن سے اس منتخب اسمبلی میں اپوزیشن کی جو مختصر تعداد ہے، اس کا احساس دلایا جا رہا ہے یا اس کا ذکر کیا جا رہا ہے کہ شاید یہ حکومت اپنی تعداد کی برتری کے ذریعے اپوزیشن کو بلڈوز کریگی لیکن میں اپنے معزز ساتھیوں کو جو اپوزیشن سے تعلق رکھتے ہیں، آپ کی وساطت سے یہ یقین دلانا چاہتا ہوں اور جناب سپیکر میں آپ کا بے حد مشکور ہوں کہ آپنے گزشتہ روز آپ نے انتخاب کے بعد میرے دلی جذبات کی اپنے الفاظ میں ترجمانی کر دی تھی اور میں آپ کے الفاظ کو آگے لے جاتا ہوں کہ اس ایوان کو چلانے میں اور حکومت کو چلانے میں ہم اپوزیشن کی کسی بات کو عدد کے لحاظ سے ناپنے اور تولنے کی کوشش نہیں کرینگے بلکہ ہم ان کی بات کو وزن دینگے۔ ---(تالیاں)--- کیونکہ

اگر ہم ایسا نہ کر سکے تو ہم اس پارلیمانی نظام کی کوئی خدمت نہیں کر سکیں گے۔ میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ وہ کھلے دل سے اپنے ضمیر کے مطابق آئین اور قانون کے مطابق اپنے عوام کی خدمت کے جذبے کو سامنے رکھتے ہوئے حکومت کے مثبت کاموں کے ساتھ اگر تعاون کر سکیں، تو ہم ان کا شکریہ ادا کرینگے لیکن میں ان کو دعوت دونگا کہ وہ حکومت کی کسی بھی کمزوری اور خامی کو یہاں پر ضرور سامنے لائیں کیونکہ جانے والے لوگوں کا گند صاف کرنے کا کام ہمارے ذمے نہیں ہونا چاہیے۔ میں اس بات کا ضرور ذکر کرنا چاہونگا کہ ماضی میں اس صوبے میں جو غلط کاریاں ہوئیں ہیں' جو سیاسی خرید و فروخت ہوئی ہے' اس صوبے کے خزانے کو جس طرح لوٹا گیا ہے' اس کے وسائل کو جس طرح تباہ کیا گیا تو اس کی بھی چھان بین ہمیں ضرور کرنی ہے۔ ---(تالیاں)---- اور اس چھان بین کو' اس احتساب کو ہم کسی نفرت کی بنیاد پر نہیں' کسی اختلاف کی بنیاد پر نہیں اور کسی انتقامی جذبے کے ساتھ نہیں بلکہ خالصتاً اصول' نیک نیتی اور Correction کے جذبے کیساتھ' درست کرنے کے جذبے کے ساتھ کرنے کی کوشش کرینگے۔ ---(تالیاں)--- احتساب کا نظام صرف میرے دل کی آواز نہیں ہے' ان منتخب اراکین کے دل کی آواز نہیں ہے بلکہ یہ صوبے کے ہر مظلوم اور بے بس شہری کے دل کی آواز ہے۔ اس نے ہمیں تباہ کر دیا ہے' ہمارے ادارے تباہ کر دیئے ہیں' ہمارا مستقبل تباہ کر دیا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ میرے ساتھی ایک ایسے جذبے کے ساتھ اس احتساب کے عمل پر کام کرنے کی کوشش کرینگے جس میں کوئی Discrimination نہ ہو، جس میں کوئی تفریق نہ ہو اور احتساب اور انتقام کا جو باریک فرق ہے There is very thin line between these two process. انتقام اور احتساب کا' We have to be careful about that thin line اور میں جناب سپیکر آپ سے درخواست کرونگا کیونکہ You are the custodian of this

House آپ کی ذمہ داری میرے ساتھ ساتھ بالکل برابر کی ذمہ داری ہوگی کہ آپ ہمیں ایسے کام سے روک کر رکھیں جو آئین اور قانون سے بالا تر ہو۔ میں بہت سی باتیں جو کل کرنا چاہتا تھا وہ مجھ سے آج ہو گئی ہیں لیکن میں آپ سب کا ایک بار پھر شکریہ ادا کرتا ہوں اور اپنے تمام ساتھیوں کو یقین دلاتا ہوں کہ میں ان کو ساتھ لیکر چلونگا اس حکومت میں ان کو شریک کار بناؤنگا اور ہم ایک ایسے نظام کو رائج کرنے کی کوشش کرینگے جو انصاف پر مبنی ہو اور جو ناانصافی کے خلاف ہو۔ ہم نے انقلابی پروگرامز لیکر آنے ہیں۔ پولیٹیکل کلچر جو کل بدترین تھا لیکن آج ہم الحمد اللہ ایک بہترین کلچر کی طرف جا رہے ہیں اور اس کے لئے ہمیں مل جل کر کام کرنا ہوگا اور میں حکومت کے کسی کام کو ان منتخب اراکین سے چھپانے کی کوشش نہیں کرونگا۔ (تالیاں) ہم کیبینٹ کی تمام Attractions کو Minimise کر دینگے اور ان منتخب اراکین کے Status کو Elevate کرنے کیلئے اپنی بھرپور کوشش کرینگے تاکہ یہ اپنے آپ کو کیبینٹ کے اراکین سے کم تر نہ سمجھ سکیں۔ (تالیاں) میں سمجھتا ہوں کہ انہیں ان سے زیادہ سمجھنا پڑیگا' ان معزز اراکین کے سامنے Cabinet answerable ہے۔ پس میں چاہتا ہوں کہ میرے منتخب اراکین کا مقام میری کابینہ سے زیادہ بڑا ہو اور وہ زیادہ باعزت کہلا سکیں۔ The Government must be submitted to them because, they are the elected people ان کی Will ' اس صوبے کے لوگوں کی Will has to be translated through the will of the people, whom they have elected. So that is my assurance to my honourable colleagues that the Government has to give a total new picture, a total new concept and that concept is the concept of sharing. Thank you very much Mr. Speaker.

....(Applause).....

(تالیاں)

ہدیہ تہنیت

جناب آفتاب احمد خان شیرپاؤ: جناب سپیکر ! آپ کی وساطت سے میں سردار مہتاب عباسی صاحب کو اس ہاؤس کا قائد ایوان منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

(تالیاں)--- یہ ہاؤس جس کی اپنی Traditions ہیں' اپنی روایات ہیں اور کل بھی یہ بات میں نے آپ کے گوش گزار کی تھی کہ ہمارے اس صوبے کی اپنی روایات ہیں اور انہی روایات کو سامنے رکھتے ہوئے ہم اس اسمبلی کو آگے لے جانا چاہتے ہیں۔ میں اور میری پارٹی' پہلے بھی حزب اختلاف میں رہی ہے اور یہاں پر بہت سے معزز ممبرز موجود ہیں جنہوں نے اس اسمبلی میں' چاہے وہ 1990 کی اسمبلی تھی یا 1993 کی اسمبلی تھی' دیکھا ہوگا کہ ہم نے اپوزیشن میں رہتے ہوئے ایک Constructive role ادا کیا ہے اور اگر تنقید بھی کی ہے تو تعمیری تنقید کی ہے اور اسی سلسلے کو ہم آگے بڑھانا چاہتے ہیں۔ یہ بات واضح ہے کہ سردار صاحب کو آج ایک بھاری اکثریت سے منتخب کیا گیا۔ میں جو بات کرنا چاہتا تھا ' سردار صاحب نے اپنی تقریر میں اس کی وضاحت بھی کی ہے اور میں چند ایک الفاظ کو دہرانا بھی چاہتا ہوں کہ اتنے بڑے مینڈیٹ کیساتھ چاہے وہ سنٹر میں ہے ' چاہے وہ صوبے میں ہے ' اس کی افادیت بھی ہے اور اس اکثریت کو اس صوبے کے لئے اور اس ملک کی بہتری کے لئے استعمال کیا جانا چاہیے۔ یہ بات کسی کو بھی نہیں بھولنی چاہیے کہ اگر حکومت نمبرز کی وجہ سے مضبوط بن بھی جائے تو دوسری اس چیز کا بھی خیال رکھنا چاہیے کہ پارلیمنٹ کو یا اسمبلی کو کمزور نہیں کرنا چاہیے اور اسی اسمبلی میں اپوزیشن کا جو رول ہے ' اسے وزن دینا چاہیے اور اگر وہ تعمیری بات کریں اور اس میں کچھ وزن بھی ہو تو اس پر عمل بھی ہونا چاہیے۔ میں اس موقع پر

اپنی تقریرمیں ایسی کوئی بات نہیں کرنا چاہتا جس سے آج اس وقت کی مناسبت سے تلخی پیدا ہولیکن ایک بات ضرور ہے کہ ایک منتخب قائد ایوان کے سامنے اس صوبے کی جو مشکلات ہیں، چاہے وہ لاء اینڈ آرڈر کی ہیں، اس صوبے کی Economic prosperity ہے یا اس صوبے کے حقوق کی بات ہے تو اس سلسلے میں مجھے توقع ہے کہ اس مینڈیٹ کے ساتھ ساتھ وہ اپنی Priorities اور ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے اس صوبے کی بہتری کے لئے دن رات کام کریں گے۔ بحیثیت اپوزیشن کے اس صوبے کے حقوق کے لئے 'اس صوبے کی Well being کے لئے ہم موجودہ حکومت کو اپنے تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔ (تالیاں)

یہ صحیح ہے اور ماضی میں بھی ہوا ہے کہ جو حکومت آتی ہے وہ جو بھی بات ہو تو اسے پچھلی حکومت کے کھاتے میں ڈال دیتی ہے۔ موجودہ قائد ایوان کو، لازمی بات ہے کہ لوگ ایک Grace period دیں گے اور اس کے بعد اس حکومت، جس کی تشکیل نو ہو رہی ہے، کی کارکردگی کو ان کے اپنے کارناموں پر تولا جائے گا اور اس کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ ان کو اس واضح مینڈیٹ کے ساتھ جیسا کہ انہوں نے خود کہا ہے کہ تاریخ میں اتنا واضح مینڈیٹ کسی لیڈر کو حاصل نہیں ہوا، یہ اچھی بات ہے اور ہم اس کو سراہتے ہیں اور ہماری بھی یہ کوشش ہو گی کہ اس صوبے کی بہتری کے لئے جتنے بھی اچھے کام سردار مہتاب صاحب اور ان کی کابینہ کر سکے تو ہم اس کو سراہیں گے اور جہاں پر بھی کوئی غلطی اور کوتاہی نظر آئی توہم اس کی یہاں نشاندہی کریں گے تاکہ وہ کوتاہیاں دور ہوسکیں۔ یہ ہمارا ملک ہے، یہ ہمارا صوبہ ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ اس صوبے کی بہتری کے لئے کام ہو اور اس صوبے کے حقوق کے لئے جدو جہد ہو اور یہ صوبہ لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے ایک مثالی صوبہ بن سکے۔ جہاں تک Accountability کی بات ہے تو اس پر ہمارا موقف واضح ہے کہ یہ ہونا چاہیے لیکن ہم چاہتے ہیں کہ انصاف ہو

جو بھی Accountability کا کام ہو اس کو اس نظر سے دیکھا جائے کہ جس پر بھی الزام لگایا جائے ' اس کو انصاف مہیا ہو تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے یہ نہیں کہ Victimization ہو' یہ نہ ہو کہ برائے نام کیس بنائے جائیں بلکہ جہاں پر بھی ہو ' وہ صحیح ہو اور انصاف کے تقاضے پورے ہوں اور جو اس میں مجرم قرار پائے گا' بالکل ہمیں اس پرکوئی اعتراض نہیں ہو گا لیکن ہم چاہتے ہیں کہ انصاف کے تقاضے پورے کئے جائیں۔ میں ان ہی الفاظ کے ساتھ اپنی پارٹی کی طرف سے ان کو دوبارہ یہ یقین دہانی کراتا ہوں کہ ہماری پارٹی اس صوبے میں ایک Constructive opposition کے طور پر اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔بہت بہت شکریہ۔

سید منظور حسین باچا: واجب احترام جناب سپیکر صاحب ! زه د زړه د اخلاصه د خپل طرف نه تاسو ته او ستاسو په وساطت ډپټی سپیکر صاحب ته او محترم سردار مهتاب خان عباسی صاحب ته مبارکباد ورکوم۔ محترم سپیکر صاحب! د مبارکباد په دے بُنیاد باندے نه دے چه گنی تاسو به څه دُنیاوی اوچتو مناصبو باندے فائز شوی یئی بلکه خما دا مُبارکباد په دے بنیاد باندے دے چه الله بادشاه تاسو ته دا سعادت نصیب کړے دے چه تاسو د هغه گمنامو، مجبورو، بے بسو او بے کسو غریبانو، محنت کشو او مزدورانو د داسے واضح مینډیټ نه بعد خدمت اوکړے شی چه د کومے په طمع هغوی د پنځوسو کالو نه په انتظار ناست دی۔ خما محترم مشره، د کله نه چه پاکستان وجود کښی راغلے دے، د هغه وخت نه چه څومره اسمبلئی منتخب شوے دی، په هغه اسمبلو کښی د ترقئی په نوم باندے سړکونه ستانلے شوی دی، نالئے ستانلے شوی دی ،بلډنگونه جوړ شوی دی، سوئی گیس کور کور ته رسیدلے دے، بجلئی ورغلے دی، ډیره ترقی شوے ده، ډیر سهولتونه فراهم

شوی دی خو نن هم یو عام مزدور دِ سوچ اوکړی چه نن خه ژوندے یم او سحر به خه پاسیږم هم او کنه، بس مختصر، خه معافی غواړم، مختصر کوم او ما مزدوری اوکړه نو ماښام له به خه سیر اوړه خپلو بچو له راوړم، هغوی به هم راسره اُوخری او زه به هم ورسره اوخرم، خو که صبا له زه د خپل کټ نه ژوندے پا نه سیږم نو بیا به خما د دے بچو د رزق انتظام څوک کوی، خما د بچو د تعلیم، صحت او جامو انتظام به څوک کوی؟ خما محترمه مشره، دا نظام چه د کوم لاندےمونږ ژوند تیرؤ، دا بالکل خاموش دے، هغه مجبوره پلار ته دا نظام جواب نه ورکوی، دا تسلی نه ورکوی او د هغے نتیجه ده چه نن چه مونږ گورو، خمونږه د دے پاکستان په دے بچو کښ یو بچے چه سحر را پاسی نو په موټر کښ ځی اود فضل حق کالج کښ سبق وائی او بل بچے چه راپاسی نو هغه د دوؤکمرو بے ټاټه سکول ته ځی سبق د پاره او د بل کور نه بچے راوځی د پالش ډبے په اوګه بازار ته ځی او هلته بوټان او سپلنی د خلقو پالش کوی او بل بچے راوځی د نورو بچو غوندے ښُکلے، قابل او ذهین بچے د چائے دکان ته ځی او د چائے هوټل کښ مزدوری کوی او بل بچے د کوره راوځی د پلاسټک بوجئی په اوګه په ډیرانونو باندے ګرځی او د پلاسټک سامانونه راغونډوی او په کباړی باندے ئے خرڅوی- خما محترم مشره! دا ټول د پاکستان بچي دی او خه دا خبره نه کوم چه کوم بچی د الله پاک په فضل باندے په فضلحق کالج کښ سبق وائی؟ هغه بچے دے راپاڅوؤ او مونږ دِ دَ دے بچو سره اُدروؤ، نه، هغه هم د پاکستان بچے دے، هغه ته حق حاصل دے چه هلته سبق اووائی خو خما دا خواهش دے چه مونږه د فاضل ممبران چه په مونږ باندے عوامو اعتماد کړے

دے او واضح مینډیټ سره نے راليږی يو چه مونږه په شریکه کیښنو او داسے يو نظام وضع کړو چه دا بچے چه کوم په ډيران ګرځی، دا بچے چه کوم د چائے په هوټلونو کښ مزدوری کوی، دا بچے چه بازارونو کښ سپلئی او بوټان پالش کوی، دوی را اوچت کړو او د هغه بچی سره نے په " فضل حق کالج" کښ کینوؤ چه په یو اداره کښ سبق اووانی، یو اُستاد ورته سبق اوښائی او یو کتاب نه ورته سبق اوښودے شی او چه بیا کوم قابل وی هغه ته دِ دَ ترقئی مراحل ورکړے شی او په دے باندے خه خپلے خبرے ختموم۔ ډیره مهربانی۔

بیگم نسیم ولی خان: جناب سپیکر ! ما هم دا خبره کوله چه پکار دا دی چه دا لیډران چه د پارټو دی په خصوصیت سره دَ اپوزیشن خلق، چه دوی خبرے اوکړی او مونږ خلق که دا خبرے کوؤ نو د پارټو دا لیډران د دِ ټولو ملګرو د طرفه که مُبارکی ورکوی او که هر یو خبره کوی، څکه چه دا خو مونږ تقریباً اتیا کسه یو او که هر یو کس مونږ لس لس منټه، پنځه پنځه منټه تقریر هم کوؤ نو صبا به شی نو طریقه او تقاضا د وخت دا ده چه دا لیډران دِ خبرے اوکړی او هر یو لیډر د خپل پارټئی د طرفه مُبارکی اووانی۔ دا به یوه ښه خبره شی۔ ------(تالیاں)------

جناب سلیم سیف اللہ خان: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر ! میں بھی اپنی اور اپنی جماعت کی جانب سے جناب سردار مہتاب احمد خان عباسی صاحب کو لیڈر آف دی ہاؤس منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ میں جناب عباسی صاحب کو پچھلے چند برسوں سے جانتا ہوں۔ وہ ایک سلجھے ہوئے، شریف اور تجربہ کار سیاستدان ہیں اور مجھے امید ہے کہ وہ اپنے اس نئے فرض منصبی پر پورا اتریں گے۔ ہماری یہی دعا ہے اور ہم یہی

چاہتے ہیں کہ یہ صوبہ ترقی کرے اور اس صوبے کے حالات بہتر ہوں۔ جناب سپیکر ! میں اس بات پر بھی خوش ہوں کہ نئے لیڈر آف دی ہاؤس کا تعلق ایک پسماندہ علاقے سے ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ اس صوبے میں جو بھی پسماندہ علاقے ہیں ان کی طرف خصوصی توجہ دیں گے اور انہیں اس صوبے میں ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لاکھڑا کریں گے۔ جناب سپیکر ! جہاں میں عباسی صاحب کو مبارکباد دینا چاہتا ہوں وہاں ان کے ساتھ میری ہمدردی بھی ضرور شامل ہے کیونکہ اگر دیکھا جائے تو اس وقت اس صوبے کی جو مشکلات ہیں، لاقانونیت ہے اور آج آپ نے خود سن لیا ہے کہ روزانہ اغوا کے کیسز ہو رہے ہیں، روزانہ قتل ہو رہے ہیں، آپ اخبارات پڑھیں تو روزانہ اس میں جو واقعات ہیں وہ بڑھتے ہی جا رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت کا اولین فرض ہونا چاہئے کہ وہ اس لاقانونیت کو ختم کرے جس سے ہم سب متاثر ہو سکتے ہیں اور ہوئے بھی ہیں۔ اگر اس صوبے کو اقتصادی طور پر دیکھا جائے تو بدقسمتی کی بات ہے کہ ایک ایسا صوبہ جو پختونوں کا صوبہ ہے اور مجھے اس بات پر فخر ہے کہ میں ایک پختون گھرانے میں پیدا ہوا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ پختون قوم بہت ہی باصلاحیت قوم ہے لیکن اس قوم کو وہ موقع نہیں دیا گیا اور اگر آج دیکھا جائے تو میں کہوں گا کہ چاروں صوبوں میں اگر سب سے زیادہ پسماندہ صوبہ ہے ، تو وہ صوبہ سرحد ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ نئی حکومت اس پسماندگی کو دور کرنے کی اپنی بھرپور کوشش کرے گی۔ جناب والا ! سردار صاحب نے، بھائی صاحب نے آتے ہی چند اقدامات کئے ہیں جن کی میں تعریف کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے Cinemas میں جو فحش یا گندی قسم کی فلمیں دکھائی جاتی تھیں ان کے خلاف جو قدم اٹھایا ہے تو میں اس پر انہیں مبارک باد پیش کرتا ہوں --(تالیاں)---- اگر آج کے اخبارات دیکھیں تو سب نے اس بات کی تعریف کی ہے بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ ایڈمنسٹریٹو ایکشن سے زیادہ بڑھکر اگر آپ قانون لائیں تو ہم انشاء اللہ آپ کا ساتھ

دیں گے تاکہ پورے صوبے میں جو اس قسم کی گندگی آ رہی ہے اس کو ختم کیا جا سکے۔ جناب والا ! پچھلے آئی۔جی۔ پولیس سے جب میں نے ایک مرتبہ پوچھا کہ بھئی یہ سنا ہے کہ دو نمبر اور تین نمبر گاڑیاں صوبے میں بہت زیادہ ہو گئی ہیں تو انہوں نے کہا تھا کہ میں کیا کروں؛ جس قسم کے لوگوں کے پاس یہ گاڑیاں ہیں وہ بہت با اثر ہیں اور ہم ان کے خلاف کچھ نہیں کر سکتے تو میں یہ بھی امید رکھتا ہوں کہ جہاں آپ نے تجاوزات کے خلاف ایک اچھا قدم اٹھایا ہے کیونکہ یہ بھی ایک قبضہ گروپ بنتا جا رہا ہے اور ہر سرکاری زمین پر قبضہ کرنا اس صوبے میں کاروبار بن چکا ہے اور یہ ایک Syndicated کاروبار ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ سردار صاحب اس کی طرف اور جو گاڑیاں سمگل ہو کر آ رہی ہیں اور دس دس لاکھ میں اور پانچ پانچ لاکھ میں ہیروز اور لینڈکروزرز لوگ چلا رہے ہیں؛ تو ان کے خلاف بھی ضرور آپ کچھ نہ کچھ کریں گے۔ کرپشن کے خلاف آپ قانون سازی کیجئیے ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ آپ کے ہر تعمیری کام میں ہم انشاء اللہ آپ کا ساتھ دیں گے اور جہاں اگر ہم تنقید کریں گے تو انشاء اللہ وہ تعمیری تنقید ہوگی، وہ اس صوبے کی فلاح و بہبود کے لئے تنقید ہو گی اور وہ ایسے بے جا تنقید نہیں ہو گی جیسے لیڈر آف دی ہاؤس نے خود فرمایا کہ بنیادی طور پر اس نظام کی بدقسمتی یہ رہی ہے کہ حکومت میں آ کر حکومتی Patronage ہر ایک جو ہے وہ چاہتا ہے کہ وہ حکومت میں ہو کیونکہ حکومت میں Patronage بہت زیادہ ہوتی ہے اور اس Patronage کے لئے میں کئی مرتبہ اس فلور آف دی ہاؤس پر کہہ چکا ہوں کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ نظام ترقی کرے تو آپ پھر اس Patronage کو کم کریں۔ یہ جو وائسرائے اور مہاراجا کی طرح ہماری جو Patronage ہوتی ہے کہ اس کو یہ دے دو، اس کو معاف کردو اور اس کو لٹکا دو تو ان چیزوں کو آپ ختم کریں اور اپوزیشن کی جو Persecution ہوتی ہے اگر اس کو کم کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ پھر یہ اتنا فرق نہیں ہو گا کہ کوئی اپوزیشن

سے بھاگ کر ٹریژری بینچز پر جائے یا ٹریژری بینچز سے اپوزیشن کی طرف آئے۔ انہوں نے احتساب کی بات کی ہے، ضرور آپ احتساب کریں لیکن جیسے کہ آفتاب خان نے فرمایا کہ یہ بلا امتیاز احتساب ہونا چاہئے۔ اس میں بھی آپ جس قسم کا قانون لائیں گے ہم آپ کا ساتھ دیں گے آپ ضرور احتساب کیجیے۔ (تالیاں)

ہم چاہتے ہیں کہ احتساب ہو بلکہ انہوں نے کہا ہے اور یہ بھی فرمایا ہے کہ بڑی بڑی باقاعدگیاں ہوئی ہیں، مالی با قاعدگیاں ہوئی ہیں۔ پچھلے (قطع کلامی)

ایک آواز: بے قاعدگیاں۔

